سرخیاں

(۱) لوک سبھا انتخابات سات مرحلوں میں منعقد ہوں گے جس کا آغاز آئندہ ماہ کی 19 تاریخ سے ہوگا۔ دونوں تلگو ریاستوں میں 13 مئی کو رائے دہی ہوگی۔

(۲) وزیراعلیٰ و کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر ریونت ریڈی نے ان کی حکومت کو گرانے کی کوشش کئے جانے پر بی آر ایس پارٹی کو سخت انتباہ دیا ہے۔

(۳) نئی دہلی میں واقع سی بی آئی کی ایک خصوصی عدالت نے آج بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا کو 7 دن کے لئے تحویل میں رکھنے کی اجازت دے دی۔

اور

(۴) بی جے پی کے سینئر لیڈر و وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ ریاست بھر میں رشوت کے خلاف لڑائی کے دوران کسی بھی رشوت خور لیڈر کو نہیں چھوڑا جائے گا۔

☆☆☆

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے عہدیداروں کی جانب سے ایم ایل سی کویتا کی گرفتاری کے خلاف حیدرآباد کے مختلف علاقوں میں آج بھارت راشٹریہ سمیتی کے ورکرس نے احتجاج کیا۔ بی آر ایس پارٹی نے اپنی لیڈر کی گرفتاری کے خلاف آج بند منائے جانے کا اعلان کیا تھا۔ کویتا کو کل ای ڈی کے عہدیداروں نے ان کی رہائش گاہ سے گرفتار کیا اور دہلی لے کر چلے گئے۔ بی آر ایس کے کارکن سیاہ پٹیاں لگائے ہوئے تھے۔ ان احتجاجوں کی قیادت پارٹی کے مقامی لیڈرس اور عوامی نمائندوں نے کی، جنہوں نے بی جے پی اور وزیراعظم نریندر مودی کے خلاف نعرے لگائے۔ پولیس کی جانب سے بس اسٹیشنوں، ریلوے اسٹیشنوں اور دیگر اہم سرکاری دفاتر کے پاس خصوصی انتظامات کئے گئے تھے۔ اِس کے علاوہ بشیر باغ پر واقع ای ڈی اور آئی ٹی دفتر پر بھی پولیس کی تعداد میں اضافہ کیا گیا تھا۔ ریاست بھر سے بی آر ایس کی جانب سے احتجاج کئے جانے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ملکارجگری کراس روڈ پر ایم ایل اے راج شیکھر ریڈی کی زیر قیادت بی آر ایس کے کارکنوں نے دھرنا دیا۔ بی آر ایس ایم ایل اے وینکٹیش اور دیگر پارٹی لیڈرس نے حیدرآباد کے علاقہ عنبر پیٹ میں احتجاج کیا۔ احتجاجیوں نے کویتا کی گرفتاری کی مذمت کی۔ ابراہیم پٹنم میں بی آر ایس کے کارکنوں نے نریندر مودی کا پتلہ نظر آتش کیا۔ اس کے علاوہ ساگر ہائی وے پر بھی احتجاج کرتے ہوئے کویتا کی غیر قانونی گرفتاری کی مذمت کی۔

☆☆☆

بی جے پی کے سینئر لیڈر و وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ ریاست بھر میں رشوت کے خلاف لڑائی کے دوران کسی بھی رشوت خور لیڈر کو نہیں چھوڑا جائے گا۔ تلنگانہ کے علاقہ ناگر کرنول میں پر جا سنکلپ سبھا کے نام سے منعقدہ ایک عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ خاندانی وراثت والی پارٹیاں اقرباء پروری، رشوت اور جانبداری میں ملوث رہی ہیں۔ مودی نے عوام کو یقین دلایا کہ آرٹیکل 370، رام مندر اور اِن جیسے کئی وعدوں کی طرح ریاست میں بھی عوام سے کئے گئے وعدوں کو پورا کیا جائے گا۔ انہوں نے کانگریس اور بی آر ایس کو بھی مبینہ رشوت خوری کے لئے تنقید کا نشانہ بنایا اور الزام عائد کیا کہ خاندانی سیاست میں رشوت بہت زیادہ

عام ہیں۔مودی نے مزید کہا کہ 25 کروڑ افراد ملک بھر سے غربت کا خاتمہ کریں گے، جبکہ تلنگانہ میں بھی بعض تبدیلیاں لانے کی ضرورت ہے۔

☆☆☆

بہوجن سماج پارٹی (بی ایس پی) کے صدر پروین کمار نے جو تلنگانہ میں بی آر ایس کے ساتھ اتحاد کے تحت حلقہ ناگرکرنول سے مقابلہ کر سکتے تھے، آج اعلان کیا ہے کہ وہ بی ایس پی سے مستعفی ہو رہے ہیں۔انہوں نے بی ایس پی پارٹی کو چھوڑنے سے متعلق سوشیل ایکس پر اپنے فیصلہ کا اعلان کیا۔

☆☆☆

کل ہند مجلس اتحاد المسلمین کے صدر اسدالدین اویسی،شہریت ترمیمی قانون کے نفاذ پر التوا کے لئے سپریم کورٹ سے رجوع ہوئے ہیں۔انہوں نے اس سلسلہ میں اپیکس عدالت میں ایک پٹیشن دائر کی ہے۔مرکز نے 11 مارچ کو اِس قانون پر عمل آوری کی اجازت دی تھی جو شہریت ترمیمی قانون 2019ء کے تحت نافذ کیا جا رہا ہے۔سپریم کورٹ سی اے اے سے متعلق درخواست پر منگل کو سماعت کرے گی۔اسدالدین اویسی اُن درخواست گزاروں میں شامل ہیں،جنہوں نے سی اے اے کی اہلیت کو چیالنج کیا ہے۔

☆☆☆

آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ و وائی ایس آر سی پارٹی کے صدر جگن موہن ریڈی نے ریاست میں لوک سبھا کی 25 اور اسمبلی کی 175 نشستوں کے لئے اپنی پارٹی امیدواروں پر مشتمل فہرست جاری کی ہے۔انہوں نے اپنے آنجہانی والد و سابق وزیر اعلیٰ آندھرا پردیش راج شیکھر ریڈی کی سمادھی پر جو ضلع کڑپہ کے علاقہ Idupulupaya میں واقع ہے، یہ اعلان کیا۔

☆☆☆

نئی دہلی میں واقع سی بی آئی کی ایک خصوصی عدالت نے آج بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا کو 7 دن کے لئے تحویل میں رکھنے کی اجازت دے دی۔ای ڈی نے اپیل کی تھی کہ دہلی ایکسائز پالیسی اسکام کے تحت رقمی تغلب کے سلسلہ میں کویتا کو تحویل میں لیا جائے۔ای ڈی نے عدالت سے دس دن کی تحویل کے لئے کہا تھا تاہم سات دن کی اجازت دی گئی جو اس ماہ کی 23 تاریخ کو ختم ہوگی۔اس سے پہلے ایجنسی کی جانب سے کویتا کو ای ڈی معاملات کے خصوصی جج ایم کے ناگپال کے روبرو پیش کیا گیا تھا۔عدالت میں پیش کئے جانے سے پہلے کویتا نے اپنی گرفتاری کو غیر قانونی قرار دیا اور کہا کہ وہ اِس معاملہ میں عدالت میں مقابلہ کریں گی۔کویتا کو کل شام حیدرآباد کے علاقہ بنجارہ ہلز میں واقع ان کی رہائش گاہ سے گرفتار کیا گیا تھا۔

☆☆☆

وزیر اعلیٰ و کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر ریونت ریڈی نے بھارت راشٹر یہ سمیتی پارٹی کو سخت انتباہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ان کی حکومت کو گرانے کی کوشش کی جاتی ہے تب بی آر ایس پارٹی میں سوائے چندر شیکھر راؤ کے ارکان خاندان کے کوئی اور ایم ایل اے نہیں رہے گا۔وزیر اعلیٰ نے بی آر ایس کو مشورہ دیا کہ ان کو ان کی حکمرانی کرنے دیں۔وزیر اعلیٰ حیدرآباد میں آج ان کی رہائش گاہ پر منعقدہ ایک پریس کانفرنس کے دوران ایک سوال پر ردِعمل کا اظہار کر رہے تھے۔ریونت ریڈی نے دعویٰ کیا کہ بی آر ایس کے ارکان اسمبلی

جنہوں نے اپنے حلقوں کے ترقیاتی کاموں کے لئے ان سے ملاقات کی تھی، بی آر ایس کے لیڈرس سے ناخوشی کا بھی اظہار کیا۔ ریونت ریڈی نے مزید کہا کہ بی آر ایس اور بی جے پی ان کی حکومت کے مستقبل کے تعلق سے ایک ہی رویہ اپنائے ہوئے ہیں۔ بی جے پی لیڈر لکشمن نے بارہا وہی بات دہرائی ہے جو بی آر ایس کے ایم ایل اے سری ہری نے کہی تھی۔ ریونت ریڈی نے بی آر ایس ایم ایل سی کویتا کو ای ڈی کی جانب سے گرفتار کئے جانے کو ایک ٹی وی سوپ اوپیرا قرار دیا اور الزام عائد کیا کہ بی جے پی خود کو رشوت کے خلاف چمپئن ظاہر کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ کویتا کی گرفتاری کے سارے معاملہ میں یہ بات غیر سنجیدہ رہی ہے کہ بی آر ایس کے سربراہ غیر حاضر اور خاموش ہیں۔

☆☆☆

ملک بھر میں لوک سبھا انتخابات آئندہ ماہ کی 19 تاریخ سے شروع ہوں گے جو 7 مرحلوں میں منعقد کئے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 4 جون کو ہوگی۔ پہلے مرحلہ کے تحت لوک سبھا کی 102 نشستوں کے لئے رائے دہی 19 اپریل کو ہوگی۔ اسی طرح دوسرے مرحلہ میں 89 سیٹوں کے لئے 26 اپریل کو، تیسرے مرحلہ میں 94 نشستوں کے لئے 7 مئی کو رائے دہی ہوگی۔ چوتھے مرحلہ میں 96 نشستوں کے لئے جن میں تلنگانہ کی 17 لوک سبھا نشستوں کے علاوہ آندھرا پردیش کی 175 اسمبلی اور 25 لوک سبھا نشستوں کے لئے رائے دہی 13 مئی کو ہوگی۔ پانچویں مرحلہ میں 49 پارلیمانی حلقوں کے لئے 20 مئی کو جبکہ چھٹویں مرحلہ کے تحت 57 نشستوں کے لئے 25 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ 7 واں اور آخری مرحلہ یکم جون کو ہوگا جس کے تحت 57 سیٹوں کے لئے رائے دہی ہوگی۔ چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار نے آج نئی دہلی میں عام انتخابات 2024ء کے تحت انتخابی شیڈول کا اعلان کیا۔ اِس اعلان کے ساتھ ہی ملک بھر میں انتخابی ضابطہ اخلاق نافذ ہو چکا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ ای سی آئی کی ٹیم، ملک کی جمہوریت کے سب سے بڑے تہوار کے لئے پوری طرح تیار ہے، جبکہ ملک بھر میں 97 کروڑ رجسٹرڈ شدہ ووٹرس اور 10.5 لاکھ سے زائد پولنگ اسٹیشنس قائم ہوں گے۔ اس کے لئے 1.5 کروڑ عملہ کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیاسی پارٹیوں کو اس بات کی وضاحت کرنی ہوگی کہ انہوں نے مجرمانہ پس منظر رکھنے والے امیدواروں کو کیوں منتخب کیا ہے۔ موجودہ لوک سبھا کی معیاد رواں برس 16 جون کو ختم ہوگی۔

☆☆☆

تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن (ٹی ایس آر ٹی سی) کے مینیجنگ ڈائرکٹر وی سجنار کو اسوسی ایشن آف اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ انڈرٹیکنگس (اے ایس آر ٹی یو) کی اسٹانڈنگ کمیٹی کے نئے چیرمین کی حیثیت سے منتخب کیا گیا ہے۔ اے ایس آر ٹی یو مرکزی حکومت کا ایک ادارہ ہے۔ نئی دہلی میں اس ادارہ کا 54 واں جنرل باڈی اجلاس منعقد ہوا جس میں سجنار کو مذکورہ عہدہ کے لئے متفقہ طور پر منتخب کیا گیا۔ ان کی معیاد ایک سال رہے گی۔